دوسرا سمسٹر II Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	مئی 2019

پرچہ : تعلیم کی سماجیاتی بنیادیں

Paper - BBED212CCT : Sociological Foundation of Education

وقت : Time 3 Hrs گھنٹے	جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) میکس وبیر کے مطابق سماجیات میں سماجی حرکات کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مطالعہ کیا جاتا ہے۔

(a) توضیحی (Interpretive) (b) تاثراتی (c) تجرباتی (d) تغیراتی

(ii) سماجیات اور تعلیم ایک دوسرے پر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتے ہیں۔

(a) تنقید (b) حکومت (c) غور وفکر (d) انحصار

(iii) مختلف ثقافتیں ایک دوسرے کے ربط میں آ کر ایک دوسرے کو ۔۔۔۔۔۔۔ کرتی ہیں۔

(a) نقصان (b) آلودہ (c) متاثر (d) فائدہ

(iv) ثقافت اپنے مفہوم کے لحاظ سے ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لفظ ہے۔

(a) متبادل (b) ناقص (c) جامع (d) نامکمل

(v) سماجی تبدیلی ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جاری رہنے والا عمل ہے۔

(a) غیر مسلسل (b) مسلسل (c) تنگ (d) محدود

(vi) ۔۔۔۔۔۔۔۔ سماجی تبدیلی کا ایک اہم ترین عامل ہے۔

(a) قانون (b) ذرائع ابلاغ (c) تحریکات (d) تعلیم

(vii) جمہوریت نام ہے ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا۔

(a) طرززندگی (b) طرزحکومت (c) طرزانتظام (d) طرزتدریس

(viii) آئین کی دفعہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔۔اقلیتوں کے تعلیمی حقوق سے متعلق ہے۔

(a) 47 اور 45 (b) 351 اور 51 (c) 29 اور 30 (d) 17 اور 15

(ix) قومی یکجہتی سے مراد قوم کے تمام لوگوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔کا جذبہ ہے۔

(a) میں (b) ہم (c) آپ (d) میں اور تم

(x) ایسا بحران جو سماجی زندگی کو تبدیل کردے۔۔۔۔۔۔۔۔۔بحران کہلاتا ہے۔

(a) ذہنی (b) مالی (c) سماجی (d) اخلاقی

حصہ دوم

2- بچے کے سماجیانے کا سب سے منظّم ادارہ کون سا ہے؟ اس کے بارے میں لکھئے۔

3- ثقافت سے کیا مراد ہے؟ ثقافت کے مختلف پہلوؤں کو مختصراً بیان کیجیے۔

4- تعلیم پر ثقافت کے اثرات بیان کیجیے؟

5- سماجی تبدیلی میں تعلیم کا کردار بیان کیجیے؟

6- سیکولرزم کا مفہوم واضح کرتے ہوئے اس کو مستحکم بنانے کی حکمت عملیاں پیش کیجیے۔

7- اقلیتوں کے دستوری تعلیمی تحفظات اور موجود صورتحال کا جائزہ لیجیے؟

8- جمہوریت کو فروغ دینے میں معلم کے رول کو واضح کیجیے۔

9- کمرۂ جماعت میں امن کو ترقی دینے والے طریقے بتائیے؟

حصہ سوم

10- تعلیم اور تعلیمی عمل پر سماجیانے کے اثرات پر اظہار خیال کیجیے؟

11- ثقافتی تکثیریت (Cultural Pluralism) سے کیا مراد ہے؟ ہندوستان میں ثقافتی تکثیرت کو لاحق خطرات کونسے ہیں؟ بحیثیت معلم آپ اُنہیں کیسے دور کریں گے؟

12- جدّت پسندی کے تصور اور اسکی خصوصیات بیان کیجیے۔ جدّت پسندی کے فروغ میں تعلیم کے کردار پر روشنی ڈالیے؟

13- جمہوریت کے اصول بیان کیجیے۔ جمہوریت کے استحکام میں تعلیم کے رول پر اظہار خیال کیجیے؟

14- سماجی بحران سے کیا مُراد ہے؟ اس کے اقسام بیان کیجیے۔ سماجی بحران کے انتظام کی مختلف حکمت عملیاں وضع کیجیے؟

☆☆☆